مورخہ 02-06-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گیس کمپنی اپنے عملہ کی بے قاعدگیوں کے خلاف کاروائی کرے، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | امن دشمنوں کے مذموم مقاصدنا کام بنائینگے قدوس بزنجو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | بجٹ میں بلوچستان کیلئے اربوں روپے کے فنڈ زمختص کرینگے، مولانا عبدالواسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | ملکی سلامتی وامن کیلئے فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی نورمحمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان کے عوام پرامن اور کھیلوں سے پیار کرنیوالے ہیں، عبدالخالق ہزارہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | آئیندہ بجٹ عوام دوست ہوگا بے روزگاری کا خاتمہ کر کے دم لیں گے محمد خان لہڑی۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | مراکش سم میں ای پروکیورمنٹ سافٹ ویئر لانچ حکومت بلوچستان کیلئے اعزاز۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | پشتون قبائل کی جانب سے پاکستان زندہ باد ریلی کا انعقاد۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | محتسب کاادارہ آزادانہ طور پر کام کررہا ہے، نذمحمد بلوچ۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | امن وامان کیلئے فورسز کی لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی فرح عظیم شاہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | بلوچستان ہائی کورٹ پی ٹی آئی پشین کے رہنماؤں کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کو کالعدم قرار۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | ایم ڈی سوئی سدرن گیس عمران منیار کی گورنر، چیف سیکرٹری سے ملاقات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | لیویز میں بھرتیاں میرٹ پر ہونگی سفارش قبول نہیں ڈی جی لیویز۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | ہرنائی کی معدنی دولت پر قبضے کیلئے دہشتگردی کے واقعات ہو رہے ہیں، پشتونخوا میپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان کے وسائل اور مقامی عوام سے ساحل چھین لیا گیا ہے، مالک بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | عوام کے ساتھ ہمارا محبت کا رشتہ کوئی ختم نہیں کرسکتا، جام کمال۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بانی پاکستان اور خان قلات کے درمیان معاہدہ پر عملدرآمد کیا جائے لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

قلات دکانوں کا شٹر توڑنے والے گینگ کا سرغنہ گرفتار، آلہ نقب برآمد، ہرنائی گھر کے اندر سے ٹریکٹر چوری، ہزار گنجی میں منشیات فروش سمیت 2 افراد گرفتار مسروقہ سوزوکی 24 گھنٹے کے اندر برآمد، بیلہ پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا، تمبو کے علاقے میں ایک شخص قتل اندھی گولی لگنے سے لڑکی جاں بحق ،تربت فائرنگ سے ایک شخص جان بحق۔

مورخہ 02-06-2023

## عوامی مسائل

سیلاب سے پشین اور قلعہ عبداللہ کی فصلیں باغات تباہ کروڑوں کا نقصان۔ جناح روڈ فٹ پاتھ پر ہسپتال کا فضلہ کچرہ دان بن گیا، کوئٹہ میں مہنگائی کم نہ ہوسکی اشیائے ضرریہ کی قیمتوں میں مزید اضافہ، کوئٹہ میں مرغی کا گوشت 2 امریکی ڈالر سے بھی مہنگا، فی کلو 620 میں فروخت نجمہ بلوچ کو خودکشی پر مجبور کیا گیا ذمہ داران کو پھانسی دی جائے والدین۔ مکران میں 80 میگاواٹ بجلی کا شاٹ فال بحران پھر سنگین ہو گیا۔ گوادر میں چوری ڈکیتی و جرائم کی شرح میں اضافہ۔

## اداریہ:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "بارشوں سے تباہ حال سڑکیں اور پل مرمت کب ہو گی" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ N25 ضلع لسبیلہ اور حب کے درمیان گزشتہ سال کے تباہ مون سون بارشوں اور سیلاب مین بہہ جانیوالے پل بحال نہ کئے جا سکے اور پھر سے مون سون کے سیزن کا آغاز ہو گیا ہے۔ ایک مرتبہ پھر قومی شاہراہ بند ہونے کے خدشات کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جا سکتا وفاقی ادارے این ایچ اے کی غفلت اور بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسے سلوک انداز ہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ حب پل سمیت اوتھل اور بیلہ کے درمیان 7 مختلف مقامات پر پل سیلاب یہ پانی میں بہہ گئے ان کی بحالی تو درکنا متبادل راستے تک ہموار نہیں کئے گیئے، این ایچ اے اور انفراسٹرکچر سے منسلک دیگر ادارے اپنی ذمے داریوں کی نبھاتے ہوئے اپنی کارکردگی بہتر بنائیں اور سڑکوں کی مرمت کا کام فوری طور پر مکمل کیا جائے۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Helping flood victims" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "بلوچستان میں 19 سال بعد کھیلوں کا میلہ" عنوان سے محمد دہاج سلیمان کا مضمون تحریر گیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ "قومی سوال صدی کے تناظر میں" عنوان سے محمد صدیق کھیتران کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 1


## گیس کمپنی اپنے عملہ کی بے قاعدگیوں کیخلاف کارروائی کرے، گورنر

**تمام غیر قانونی کنکشنز اور کمپریسرز لگانے جیسے اقدامات کی روک تھام کی جائے، ایم ڈی سے گفتگو**

**قدرتی آفات سے متاثر ہونے والوں کی امداد پر عالمی اداروں کے شکر گزار ہیں، عبدالولی کاکڑ**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ عوام کو قدرتی گیس کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے تمام غیر قانونی کنکشنز اور کمپریسرز لگانے جیسے اقدامات کی روک تھام کی جائے اور اس سلسلے میں خود سوئی سدرن گیس کمپنی اپنے عملہ کی بے قاعدگیوں کو دور کرنے کیلئے کارروائی کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے ایم ڈی عمران منیار کے ساتھ ملاقات میں بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے اس بات کی بھی نشاندہی کی کہ گیس کے ذخائر مسلسل کم ہو رہے ہیں لہٰذا اس کے استعمال کے ساتھ ساتھ متبادل ذرائع کی تلاش پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وسائل کو بہتر طور پر استعمال کرنے اور غیر قانونی کنکشن کو کاٹنے اور گیس کی چوری کو روکنے کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے قدرتی آفات اور خاص طور پر حالیہ سیلاب سے متاثر ہونے والوں کی موثر امداد پر عالمی اداروں بالخصوص آئی آر سی کے کردار کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک غریب صوبہ ہے اور ہمارے لیے اپنے وسائل سے قدرتی آفات، ٹریفک حادثات اور دیگر واقعات میں جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کی امداد اور بحالی انتہائی مشکل کام ہے اور اس سلسلے میں بین الاقوامی اداروں کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آئی آر سی کے سربراہ نیکولاس لیبرٹ کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پی آر ایس پی کے نمائندے بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں مہلک امراض بھی بہت زیادہ ہیں اور مقامی سطح پر ان سے نمٹنے کی صلاحیت اور وسائل کی کمی سے بھی ہم دوچار ہیں۔ انہوں نے سیلاب سے متاثرین کی مدد پر عالمی ریڈ کراس اور پی آر ایس پی کا شکریہ ادا کیا اور وفد سے کہا کہ وہ اس غریب صوبے میں مہلک امراض کے علاج معالجہ اور ان کے تدارک میں تعاون کریں۔

## گورنر کاکڑ سے پشتونخوا میپ کے رہنماؤں کی ملاقات، عوامی مسائل پر تبادلہ خیال

**ضلع ہرنائی میں مسلسل دہشتگردی کے واقعات کا مقصد معدنی وسائل پر قبضہ گیری کیلئے راہ ہموار کرنا ہے، وفد کا موقف**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سینیٹر سردار شفیق خان ترین نے پشتون بلوچ صوبے کے گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ جس میں عوامی مسائل کی نوعیت سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے گورنر کو بتایا کہ ضلع ہرنائی میں مسلسل دہشتگردی کے واقعات دراصل پشتون قومی اور ہرنائی کے معدنی وسائل پر قبضہ گری کیلئے راہ ہموار کرتا ہے۔ گزشتہ شب چھرلٹ میں رات 8 سے 9 بجے کے درمیان ایف سی چوکی اور لیویز چوکی کے عین نیچے دو سو گز کے فاصلے پر درجنوں ٹرک کے ٹائر اور انجن پر دہشتگرد ایک گھنٹہ فائرنگ کرتے رہے لیکن انتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہی۔ جس کے باعث لوگوں کا بہت بڑا نقصان ہوا ہے اور حکومت نے اس کی تلافی کرنی ہوگی۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام، ٹرانسپورٹرز، مائنز اونرز، مزدوروں کو تحفظ فراہم کریں۔ اس موقع پر گورنر نے بتایا کہ تمام متعلقہ لوگوں سے ہرنائی کی مسلسل دہشتگردی کے واقعات پر بات کرونگا اور ٹرک اونرز کے نقصانات کے ازالے اور دہشتگردی کے واقعات کی روک تھام کے احکامات جاری کرونگا۔ اس کے علاوہ کامیٹ یونیورسٹی اور بلوچستان یونیورسٹی کے پشتو ڈیپارٹمنٹ کے کریکولم میں کمیٹی رپورٹ کے مطابق کام جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ جس پر وفد نے گورنر صاحب کا شکریہ ادا کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## قدرتی آفات میں عالمی اداروں کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے، عبدالولی کاکڑ

**سیلاب سے متاثرین کی مدد پر عالمی ریڈ کراس اور پی آر ایس پی کا شکریہ، غریب صوبے میں مہلک امراض کے علاج معالجہ اور تدارک میں تعاون کیا جائے**

**تمام متعلقہ لوگوں سے ہرنائی کی مسلسل دہشتگردی کے واقعات پر بات کرونگا اور ٹرک اونرز کے نقصانات کے ازالے کے احکامات جاری کرونگا، گورنر**

**عوام کو قدرتی گیس کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے تمام غیر قانونی کنکشنز اور کمپریسرز لگانے جیسے اقدامات کی روک تھام کی جائے، وفد سے بات**

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے قدرتی آفات اور خاص طور پر حالیہ سیلاب سے متاثر ہونے والوں کی موثر امداد پر عالمی اداروں بالخصوص آئی آر سی کے کردار کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک غریب صوبہ ہے اور ہمارے لیے اپنے وسائل سے قدرتی آفات، ٹریفک حادثات اور دیگر واقعات میں جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کی امداد اور بحالی......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 9 پر

انتہائی مشکل کام ہے اور اس سلسلے میں بین الاقوامی اداروں کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آئی آر سی کے سربراہ نیکولاس لیبرٹ کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پی آر ایس پی کے نمائندے بھی موجود تھے گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں مہلک امراض بھی بہت زیادہ ہیں اور مقامی سطح پر ان سے نمٹنے کی صلاحیت اور وسائل کی کمی سے بھی ہم دوچار ہیں۔ انہوں نے سیلاب سے متاثرین کی مدد پر عالمی ریڈ کراس اور پی آر ایس پی کا شکریہ ادا کیا اور وفد سے کہا کہ وہ اس غریب صوبے میں مہلک امراض کے علاج معالجہ اور ان کے تدارک میں تعاون کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 2

# Governor directs uninterrupted gas supply to consumers

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that to ensure uninterrupted supply of natural gas to the people, all illegal connections and installation of compressors should be disconnected and in this regard, the Sui Southern Gas Company itself has to order its staff.

He expressed these views while talking to the MD of Sui Southern Gas Company, Imran Manyar. On this occasion, Governor Balochistan also pointed out that the reserves of gas are continuously decreasing, so there is a need to pay attention to its use as well as searching for alternative sources.

He said that effective measures should be taken to make better use of existing resources and to cut illegal connections and prevent gas theft. To ensure uninterrupted supply of natural gas to the people, all illegal connections and installation of compressors should be stopped and in this regard Sui Southern Gas Company itself should take action to remove the irregularities of its staff.

Earlier, the Balochistan High Court on May 15 restrained Sui Southern Gas Company Limited (SSGCL) from collecting extra charges from gas consumers in the province.

A division bench of the Balochistan High Court (BHC) comprising Justices Muhammad Kamran Khan Mulakhail and Sardar Ahmed Haleemi issued the directives, expressing dissatisfaction over non-appearance of secretary energy, chairman and director general (Gas) Ogra and 25 top brass of Sui Southern Gas Company Limited (SSGCL). Earlier the bench has asked them to appear before the court in response to a pending plea seeking directives over uninterrupted gas supply, manhandling the applicants and failure to establish consumers grievance redressal mechanism since a long.

During the hearing of the case, the court was informed that the secretary petroleum, DG gas and other relevant authorities were not present in the court despite being summoned. The court expressed its displeasure over their non-appearance and summoned them for the next hearing.

Earlier, the BHC has issued contempt of court notices to secretary energy, chairman and director general (Gas) Ogra and 25 top brass of Sui Southern Gas Company Limited (SSGCL) for willful defiance of court directives over uninterrupted gas supply, manhandling the applicants and failure to establish consumers grievance redressal mechanism since a long.

The petitioner has urged the court's directives to National Highways Authority (NHA), Cantonment Board Quetta (CBQ) and Metropolitan Corporation Quetta (MCQ) to ensure immediate filling up patches and trenches followed by blacktopping soon after handing over the site by the SSGC's contractor.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 3

## کیچ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ، 2 سپاہی شہید

وزیراعلیٰ کی جانب سے واقعہ کی مذمت

پوسٹ پر تعینات مستعد جوانوں نے بہادری کے ساتھ دستیاب اسلحے سے جواب دیتے ہوئے دہشت گردوں کو پسپائی پر مجبور کردیا، آئی ایس پی آر

شدید فائرنگ کے تبادلے میں دو سپاہی حسنین اشتیاق اور عنایت اللہ دہشت گردوں کا جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید

اہلکاروں نے جوانمردی سے دہشت گردوں کا حملہ پسپا کیا، آئندہ بھی امن دشمنوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنایا جائیگا، عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی۔ ج ن) ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ، 2 سپاہی شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بلوچستان کے ضلع کیچ میں پا......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

کستان ایران سرحد پر واقع سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ کو دہشت گردوں کی جانب سے نشانہ بنایا گیا چیک پوسٹ پر تعینات مستعد جوانوں نے بہادری کے ساتھ دستیاب اسلحے سے جواب دیتے ہوئے دہشت گردوں کو پسپائی پر مجبور کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں دو بہادر فوجی سپاہی حسنین اشتیاق اور سپاہی عنایت اللہ دہشت گردوں کا جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ 34 سالہ سپاہی حسنین اشتیاق ضلع ڈیرہ غازی خان کے جبکہ 27 سالہ سپاہی عنایت اللہ ضلع جھل مگسی کے رہائشی تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز نے ایرانی حکام سے رابطہ کرتے ہوئے مذکورہ علاقے میں فوراً آپریشن شروع کردیا تاکہ دہشت گردوں کو فرار ہونے کا موقع نہ مل سکے۔

Century Express Quetta

## امن دشمنوں کے مذموم مقاصد ناکام بنائینگے، قدوس بزنجو

سنگوان میں چیک پوسٹ پر حملے کی مذمت، دو اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس

پوری قوم شہداء کو سلام پیش کرتی ہے، لواحقین کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع کیچ کے علاقے سنگوان میں سیکورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

مذمت کرتے ہوئے واقعہ میں دو سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ سیکورٹی اہلکاروں نے جرات و جوانمردی سے دہشت گردوں کا حملہ پسپا کیا اور آئندہ بھی امن دشمنوں کے مذموم مقاصد کو ہر صورت ناکام بنایا جائیگا امن کے قیام کے لئے شہداء وطن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی پوری قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کررہی ہے وزیراعلیٰ نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

B.T

INTEKHAB QUETTA

## ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ، 2 اہلکار جاں بحق، وزیراعلیٰ کی مذمت

مسلح افراد نے ایران بلوچستان سرحد پر واقع چیک پوسٹ پر حملہ کیا، جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہو گئے

فائرنگ کے تبادلے میں اہلکار جاں بحق ہوئے، سیکورٹی فورسز نے بہادری سے حملہ کو پسپا کیا، قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، قدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی+خ ن) ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ، 2 سپاہی شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بلوچستان کے ضلع کیچ میں پاکستان ایران سرحد پر واقع سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ کو دہشت گردوں کی جانب سے نشانہ بنایا گیا چیک پوسٹ پر تعینات مستعد جوانوں نے بہادری کے ساتھ دستیاب اسلحے سے جواب دیتے ہوئے دہشت گردوں کو پسپائی بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر

مجبور کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں دو بہادر فوجی سپاہی حسنین اشتیاق اور سپاہی عنایت اللہ دہشت گردوں کا جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ 34 سالہ سپاہی حسنین اشتیاق ضلع ڈیرہ غازی خان کے جبکہ 27 سالہ سپاہی عنایت اللہ ضلع جھل مگسی کے رہائشی تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز نے ایرانی حکام سے رابطہ کرتے ہوئے مذکورہ علاقے میں فوراً آپریشن شروع کردیا تاکہ دہشت گردوں کو فرار ہونے کا موقع نہ مل سکے آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز قوم کے ہمراہ امن اور استحکام کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع کیچ کے علاقے سنگوان میں سیکورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے وزیراعلیٰ نے فائرنگ کے واقعہ میں دو سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ سیکورٹی اہلکاروں نے جرات و جوانمردی سے دہشت گردوں کا حملہ پسپا کیا اور آئندہ بھی امن دشمنوں کے مذموم مقاصد کو ہر صورت ناکام بنایا جائیگا امن کے قیام کے لئے شہداء وطن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی پوری قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کررہی ہے وزیراعلیٰ نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے ضلع کیچ کے علاقے سنگوان میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے دہشت گردی کے واقعہ میں دو سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی جانب سے بروقت جوابی کارروائی سے حملہ پسپا ہوا ملکی سلامتی و امن وامان کیلئے فورسز کی لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

## CM condemns Kech attack

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has condemned the firing of terrorists at the security force check post in Sangwan area of Kech district. The Chief Minister has said that the security personnel bravely repulsed the attack of the terrorists and in the future also the evil intentions of the enemies of peace will be thwarted in any case. The Chief Minister has prayed for the elevation of the ranks of the martyrs and for the patience of Jameel for the families.

Balochistan Government Spokesperson Farah Azim Shah has strongly condemned the incident of firing at the check post of the security forces in Sangwan area of Kech district. The attack was repulsed by timely retaliatory action by I am praying for the elevation of the ranks of the martyrs and patience for the survivors.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 4

## ملکی سلامتی وامن کیلئے فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، نور محمد دمڑ

**سنگوان میں سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت انتہائی دکھ کا باعث، ہرنائی میں قومی شاہراہوں پر پیٹرولنگ شروع کیجائے، صوبائی وزیر**

اسلام آباد (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات نور محمد خان دمڑ نے ضلع کیچ کے علاقے سنگوان میں سیکیورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کے واقعہ میں دو سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے دونوں جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز ملک اور صوبے میں قیام امن کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کررہی ہیں ملکی سلامتی وامن وامان کیلئے فورسز کی لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے شہید سیکورٹی فورسز کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غمزدہ خاندانوں کے غم میں صوبے کے عوام برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا ہے۔ دریں اثناء صوبائی وزیر نے ہرنائی کوئٹہ قومی شاہراہ چپر رفت کے مقام پر شرپسند عناصر کی جانب سے نہتے ٹرک ڈرائیوروں پر تشدد، ٹرکوں پر فائرنگ اور ٹائروں کو برسٹ کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع ہرنائی کی امن وامان خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے انہوں نے کہا کہ صوبے میں شرپسندوں کے خلاف جاری جنگ کی وجہ سے ان کے خلاف گھیرا تنگ ہو چکا ہے اور اب یہ شرپسند عناصر معصوم نہتے لوگوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے رابطہ کرکے ضلع ہرنائی میں امن وامان قائم کرنے عوام کی جان ومال کو تحفظ فراہم کرنے قومی شاہراہوں پر سیکورٹی فورسز، لیویز، پولیس کی پیٹرولنگ شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چپر رفت کے پہاڑی علاقے میں ٹرک ڈرائیوروں پر حملہ کرنے والے عناصر کے خلاف سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کردیا جلد یہ شرپسند عناصر قانون کی گرفت میں ہونگے انہوں نے کہا کہ حکومت، سیکورٹی فورسز، عوام ملکر شرپسندوں کا خاتمہ کرینگے۔

## بلوچستان کے عوام پرامن اور کھیلوں سے پیار کرنیوالے ہیں، عبدالخالق ہزارہ

**نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد سے صوبے سے متعلق مثبت امیج اجاگر ہوا، صوبائی وزیر کھیل کی ڈپٹی کمشنر سے بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں قومی کھیلوں کے انعقاد سے یہ تاثر گیا کہ بلوچستان کے عوام پرامن اور کھیلوں سے پیار کرنے والے ہیں قومی کھیلوں کا کامیاب اور پرامن انعقاد میں سیکورٹی فورسز اور انتظامیہ کا اہم کردار رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ قومی کھیلوں کا کامیاب اور پرامن انعقاد میں سیکورٹی فورسز اور انتظامیہ کا اہم کردار رہا ہے انہوں نے اس قومی ایونٹ کا کامیاب کرانے کے لیے دن رات محنت کی جس سے یہ ایونٹ انتہائی کامیاب ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کافی عرصے بعد بلوچستان میں قومی کھیلوں کے انعقاد سے یہ تاثر گیا ہے کہ بلوچستان کے عوام پرامن اور کھیلوں سے پیار کرنے والے ہیں تمام مقابلوں میں شائقین کی بھرپور انداز میں شرکت نے ثابت کیا کہ بلوچستان میں کھلاڑیوں اور مہمانوں کا احترام ہماری ثقافت میں شامل ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ نے کہا کہ قومی ایونٹ کا کامیاب انعقاد تمام متعلقہ اداروں اور سیکورٹی فورسز کی محنت کا ثمر ہیں۔ لہٰذا ضلعی انتظامیہ صوبے میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ میں کوئی کسر نہیں چھوڑی رکھی جائے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## بجٹ میں بلوچستان کیلئے اربوں روپے کے فنڈز مختص کرینگے، مولانا عبدالواسع

**پاکستان کی ترقی کا دارومدار بلوچستان سے وابستہ ہے بلوچستان کو خوشحال بنانے کے لئے وہاں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھانا ہوگا، وفاقی وزیر**

**جمعیت علماء اسلام ملک میں آئین وقانون کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور ساتھ ساتھ صوبے کے وسائل کیلئے بھی اپنا کردار ادا کرینگے**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی کا دارومدار بلوچستان سے وابستہ ہے، بلوچستان کو خوشحال بنانے کے لئے وہاں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھانا ہوگا جس کیلئے وفاقی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں بلوچستان کے لئے اربوں روپے مختص کریں گے جمعیت علماء اسلام حکومت میں ہوتے ہوئے بلوچستان کی پسماندگی کو ختم کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت کے.........

بقیہ نمبر 68 صفحہ نمبر 9 پر

کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک سیاسی و مذہبی جماعت ہے جنہوں نے ہمیشہ اسلام کی سربلندی آئین قانون اور ملک کی ترقی و خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اس سلسلے میں جدوجہد جاری رکھیں گے اس وقت ملک کو ترقیافتہ بنانے کیلئے تمام سیاسی قوتوں کو اپنے ساتھ لے کر چلنا ہوگا کیونکہ ہم بلوچستان کی ترقی وخوشحالی چاہتے ہیں اور جو محرومیاں بلوچستان کے ساتھ ماضی میں ہوئی ہے ان کو ازالہ کرنا ہوگا جمعیت علماء اسلام نے پہلے بھی بلوچستان کے مسائل ووسائل کیلئے جدوجہد کی اور آج بھی اگر صوبے کے وسائل پر صوبے کا حق نہ دیا گیا تو پارلیمنٹ کے اندر وباہر احتجاج کرینگے اور ہم اپنے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور عوام کے ساتھ ہونے والے زیادتیوں پر کسی بھی صورت سودا بازی نہیں کرینگے انہوں نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں جمعیت علماء اسلام نے مختلف تجاویز دی ہے جس سے براہ راست فائدہ عوام کو ملے گا

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 2

# آنیوالا بجٹ عوام دوست ہوگا بے روزگاری کا خاتمہ کر کے دم لیں گے محمد خان لہڑی

## حکومت نے وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں جو ترقیاتی کام کئے گئے ہیں انکی ماضی میں مثال نہیں ملتی صوبائی وزیر

**بے روزگاری کے خاتمے کے لئے آنے والے بجٹ میں مزید اسامیاں اور ترقیاتی عمل کو مکمل کرنے کے لئے فنڈز مختص کیے ہیں، میڈیا سے گفتگو**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ بے روزگاری کے خاتمے کے لئے آنے والے بجٹ میں مزید اسامیاں اور ترقیاتی عمل کو مکمل کرنے کے لئے فنڈز بھی مختص کردیا ہے الیکشن سے قبل بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا' یہ بات انہوں نے اے این این سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ حکومت کی خواہش ہے کہ عوام کو تمام تر سہولتیں فراہم کیا جائے کیونکہ بلوچستان کو ہمیشہ نظر انداز اور یہاں کے جو مسائل ہے ان پر توجہ نہیں دی گئی لیکن موجودہ حکومت نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں وہ ترقیاتی کاموں کا جال بچھادیا جو کئی سالوں میں ان کی مثال نہیں ملتی ہم چاہتے ہیں کہ مزید بھی ترقیاتی عمل کو جاری اور جاری اسکیمات کو مکمل کیا جائے انہوں نے کہا کہ آنے والے بجٹ عوام دوست اور خاص کر بے روزگاری کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوں گے اس بجٹ میں مزید آسامیاں اور ترقیاتی فنڈز رکھا گیا ہے جو آن دو ریکارڈ ہوگا اوراس سے عوام مکمل استفادہ حاصل کرینگے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 7

## جیلوں میں بچوں اور خواتین قیدیوں کے مسائل پر خصوصی توجہ ناگزیر ہے، وفاقی محتسب

جیلوں میں ووکیشنل ٹریننگ سینٹرز کے قیام کو یقینی بنایا جائے تاکہ جیل قید خانے کی بجائے تربیت گاہ بن جائے، اعجاز احمد قریشی

قیدیوں کے معاملات کو دیکھنے کے لئے ہوم ڈیپارٹمنٹ، جیل خانہ جات و دیگر متعلقہ ادارے ایک کمیٹی تشکیل دے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی زیر صدارت چیف سیکرٹری آفس میں صوبہ بلوچستان کے جیل ریفارمز کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی محتسب نے کہا کہ تمام سٹیک ہولڈرز کو جیلوں میں بند قیدیوں خصوصاً بچوں اور خواتین کے مسائل پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ قیدیوں کو سہولیات کی فراہمی پر فوری عمل درآمد کے لئے بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ صوبہ کے جیلوں کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ قیدیوں کو تربیت فراہم کرنے.......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 9 پر

بقیہ 64 صفحہ نمبر 9 پر

کے لئے جیلوں میں ووکیشنل ٹریننگ سینٹرز کے قیام کو یقینی بنایا جائے تاکہ جیل قید خانے کی بجائے تربیت گاہ بن جائے، انہوں کہا کہ قیدیوں کے معاملات کو دیکھنے کے لئے ہوم ڈیپارٹمنٹ، جیل خانہ جات و دیگر متعلقہ ادارے ایک کمیٹی تشکیل دے جو وقتاً فوقتاً جیلوں کا دورہ کرکے قیدیوں سے ملاقات کرکے ذاتی طور پر ان کے مسائل کا مشاہدہ کریں اور جیلوں کو درپیش مسائل کو بھی نوٹ کریں اوران کو حل کرنے کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز کے باہمی مشورے سے اقدامات اٹھایا جائے۔ قبل ازیں آئی جی جیل خانہ جات نے وفاقی محتسب کو جیلوں میں بند قیدیوں کو سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔

## امن وامان کیلئے فورسز کی لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، فرح عظیم شاہ

سنگوان میں سیکیورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کا واقعہ کی انتہائی قابل مذمت ہے

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے ضلع کیچ کے علاقے سنگوان میں سیکیورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے دہشت گردی کے واقعہ میں دو سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بروقت جوابی کارروائی سے حملہ پسپا ہوا، ملکی سلامتی......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 9 پر

بقیہ 47 صفحہ نمبر 9 پر

وامن وامان کیلئے فورسز کی لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ فورسز کی جرآت وحوصلے کو سلام پیش کرتی ہوں۔ شہید اہلکاروں کے لواحقین سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتی ہوں اور شہدا کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کیلئے دعا گو ہوں۔

## بابر یوسفزئی کی سیکیورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کی مذمت

کوئٹہ (یو این اے) ترجمان وزیر اعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کیچ کے علاقے سنگوان میں سیکیورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کی مذمت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا یہ واقعہ ملک دشمن عناصر کی جانب سے ایک سازش کا حصہ ہے لیکن اللہ کے فضل وکرم سے پاکستان کے دشمن اپنے عزائم میں ہمیشہ کی طرح ناکام رہیں گے۔ قوم کے ہر طبقے نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان ہائی کورٹ پی ٹی آئی پشین کے رہنماؤں کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کو کالعدم قرار

ضلعی انتظامیہ نے رہنماؤں کی گرفتاری کیلئے 3 ایم پی او کا غیر قانونی استعمال کیا، درخواست گزار

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس | جناب جسٹس بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر

بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر

محمد اعجاز سواتی اور جسٹس جناب جسٹس نذیر احمد لانگو پر مشتمل ڈویژن بنچ نے پی ٹی آئی پشین کے رہنماؤں کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کے حکم کو کالعدم قرار دیا اور گرفتار رہنماؤں کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔

## نوشکی کی ترقی وخوشحالی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، سیکرٹری بلدیات

**نوشکی میں بلدیہ کے لیے ریسٹ ہاؤس سمیت مزید ترقیاتی منصوبے شامل کئے جائیں گے، دوستین خان جمالدینی**

**فیملی پبلک پارک کو شہریوں کیلئے جلد فعال کیا جائیگا، چیرمین میونسپل کمیٹی نوشکی میر یاسر حیات جمالدینی سے بات چیت**

نوشکی (نامہ نگار) سیکرٹری بلدیات دوستین خان جمالدینی سے چیرمین میونسپل کمیٹی نوشکی میر یاسر حیات جمالدینی نے انکے آفس میں ملاقات کی چیرمین میونسپل کمیٹی نے سیکرٹری بلدیات کو نوشکی میونسپل کمیٹی اور شہر کے مختلف مسائل سے آگاہ کیا سیکرٹری بلدیات دوستین جمالدینی نے کہا کہ جلد پبلک پارک کو بحال کی جائیگی نوشکی شہر کے ڈویلپمنٹ کے لیے مزید اسکیم کی منظوری دی جائیگی انہوں نے مزید یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ نوشکی میں بلدیہ کے لیے ایک ریسٹ ہاؤس بھی بنایا جائے گا مزید ترقیاتی منصوبے شامل کی جائینگی اس موقع پر سیکٹری بلدیات دوستین جمالدینی نے چیرمین میونسپل کمیٹی میر یاسر حیات جمالدینی کی کارکردگی کو سراہاتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی میں آپ کی ٹیم ورک اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی سے مطمئن ہے چیرمین میونسپل کمیٹی میر یاسر حیات جمالدینی نے سیکٹری بلدیات دوستین جمالدینی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سیکٹری صاحب کی سرپرستی میں نوشکی سٹی کو ماڈل سٹی بنانے میں دستیاب وسائل کو بروکار لائینگے ہماری ہر ممکن کوشش ہوگی کہ عوام نے جو ہمیں زمہ داری دی ہے انکے اعتماد پر پورا اتر سکے نئے ترقیاتی منصوبوں سے نوشکی ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا نوشکی فیملی پبلک پارک کو بھی جلد فنکشن کی جائیگی جس سے فیملیز کو تفریح کے مواقع فراہم ہوگی چیرمین میونسپل کمیٹی نے مزید کہا کہ نوشکی میں خصوصی طور پر بندنالوں کی صفائی کا کام اسپیشل ٹیم کے ساتھ جاری ہے چیرمین میونسپل کمیٹی نے سیکرٹری بلدیات کو نوشکی میونسپل کمیٹی کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی اس موقع پر قبائلی و سماجی رہنما میر لشکر خان مامداہی رخشان سوشل فورم کے صدر کامریڈ جمیل بلوچ ودیگر موجود تھے۔

## لیویز میں بھرتیاں میرٹ پر ہونگی سفارش قبول نہیں، ڈی جی

**قدرتی آفات کے دوران موثر حفاظتی اقدامات کے حوالے سے لیویز نے مثالی کردار ادا کیا ہے، نصیب اللہ کاکڑ**

**جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لئے بھی لیویز کی قربانیوں سے انکار ممکن نہیں، دورہ موقع پر گفتگو**

خضدار (خ ن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس نصیب اللہ کاکڑ نے گزشتہ روز خضدار لیویز ٹریننگ سینٹر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے لیویز کی حالیہ آسامیوں کیلئے جاری تحریری اور فزیکل ٹیسٹ کا معائنہ کیا انہوں نے لیویز فورس کی نئی بھرتیوں سے متعلق ترتیب اور ٹریننگ پلان بھی مرتب کیا۔ نصیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ لیویز کی سینکڑوں منظور شدہ خالی اسامیوں پر جلد بھرتیاں کی جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ محمد صالح ناصر کی خصوصی ہدایت پر لیویز میں تمام بھرتیاں میرٹ پر ہوں گی۔ لیویز نفری کی کمی دور کرنے کے لئے مزید اقدامات کریں گے۔ سیلاب، قدرتی آفات بالخصوص کورونا وبا کے دوران موثر حفاظتی اقدامات کے حوالے سے لیویز نے مثالی کردار ادا کیا ہے۔ لیویز فورس جانفشانی سے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لئے بھی لیویز اور اہلکاروں کے کردار کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سفارش کلچر کا خاتمہ کرکے بھرتیاں میرٹ پر کی جارہی ہیں۔ لیویز بھرتیوں کے معاملات میں مداخلت کسی صورت برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ لیویز کسی کی ذات کو نہیں صرف اللہ تعالیٰ اور حکومت کو جوابدہ ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خضدار جمیل بلوچ بھی انکے ہمراہ تھے۔

## ٹیکس فری ہونے کے بعد گوادر میں نوجوانوں کو روزگار کے وسیع مواقع ملیں گے، ڈی جی ترقیات

**اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے حدود پر مشتمل ہے، مجیب الرحمن قمرانی**

**وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کی سمری پر گوادر کو سپیشل اکنامک ضلع کا درجہ دینے کی منظوری دیدی ہے**

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیاتی گوادر مجیب الرحمن قمرانی نے کہا ہے کہ اسپشل اکنامک ڈسٹرکٹ گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے حدود پر مشتمل ہے جس کے قیام سے یہاں ہر طرح کی ٹیکس چھوٹ ہوگی، انہوں نے کہا کہ ادارہ ترقیات گوادر کی سفارش پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کی سمری پر گوادر کو سپیشل اکنامک ضلع کا درجہ دینے کی منظوری دیدی ہے اور مزید وفاقی حکومت سے گوادر کو ٹیکس فری قرار دینے کی سفارش کی گئی ہے جو کہ قوی امید ہے کہ آئندہ بجٹ میں شامل کرکے منظوری لی جائیگی۔ یہ بات انہوں نے ایک ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی وزیر اعلیٰ بلوچستان کی منظوری کے بعد گوادر کو صوبائی تمام ٹیکسز سے فی الفور مستثنیٰ حاصل ہوگی۔ جبکہ وفاقی ٹیکسز سے مستثنیٰ وفاقی حکومت کی منظوری کے بعد نافذ العمل ہوگا۔ گوادر کو ٹیکس فری قرار دینے کے بعد گوادر معاشی اعتبار سے تیز ترین ترقی کے منازل طے کریگا اور صنعتی زون اور بندرگاہ پر سرگرمیوں میں تیزی آئیگی جس کے بعد مقامی نوجوانوں کیلئے روزگار اور کاروبار کے وسیع مواقع پیدا ہونگے اور گوادر میں کاروباری و معاشی ترقی ہوگی اسی طرح سیاحت اور خدمات کے دیگر شعبے بھی ترقی کے منازل طے کریں گے۔ اور ایس ای ذی کے قیام کے بعد تجارت، سیاحت، رئیل اسٹیٹ اور ہوٹلنگ کے شعبوں کو مسابقت کی بہترین سطح تک فروغ ملے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 11


## ہرنائی کی معدنی دولت پر قبضے کیلئے دہشتگردی کے واقعات ہو رہے ہیں، پشتونخوا میپ

گزشتہ شب ران ایف سی اور لیویز چیک پوسٹوں سے صرف دو سو گز کے فاصلے پر چپر رفٹ کے پہاڑی سلسلے میں ٹرکوں پر اندھا دھند فائرنگ کی گئی

ہرنائی صوبے میں ایک اہم زرعی اور معدنی ضلع رہا ہے 2006 سے اب تک کسی بھی دہشتگردانہ واقعہ کے ملزمان / مجرمان کو گرفتار نہیں کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں ضلع ہرنائی کے چپر رفٹ کے مقام پر دہشتگردوں کی جانب سے ٹرکوں پر اندھا دھند فائرنگ کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ضلع ہرنائی کی معدنی دولت پر قبضے کیلئے مسلسل دہشتگردی کے واقعات جاری ہیں۔ گزشتہ شب رات 8 سے 9 بجے کے درمیان ایف سی اور لیویز چیک پوسٹوں سے صرف دو سو گز کے فاصلے پر عین نیچے چپر رفٹ کے پہاڑی سلسلے میں ٹرکوں کے ٹائروں اور انجنوں پر اندھا دھند فائرنگ کی گئی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہرنائی صوبے میں ایک........

بقیہ نمبر 85 صفحہ نمبر 9 پر

اہم زرعی اور معدنی ضلع رہا ہے، 2006 سے اب تک کسی بھی دہشتگردانہ واقعہ کے ملزمان / مجرمان کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ دہشتگردی کے واقعات میں ہرنائی سبی ریلوے لائن بند ہو گئی تھی، اب کوئٹہ ہرنائی اور ہرنائی سنجاوی پنجاب روڈ کی تعمیراتی کام کو بند کیا گیا ہے جس کے باعث ضلع ہرنائی کے عوام، ٹرانسپورٹرز، مائنز اونرز، زمینداروں، مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آئے روز دہشتگردی کے واقعات کے باوجود آج تک کسی بھی واقعہ کے ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں نہیں لایا گیا اور دہشتگرد عناصر انتہائی دیدہ دلیری سے دہشتگردی کے واقعات کرتے جا رہے ہیں جو کہ حکومتی ناقص کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اپنے عوام کو امن نہ دینے والی حکومت حکمرانی کا حق نہیں رکھتی۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس واقعہ سمیت تمام دہشتگردانہ واقعات میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عوام کے سر و مال کے تحفظ کیلئے اقدامات کیئے جائیں اور ٹرک مالکان کے نقصانات کی تلافی کی جائے جبکہ کوئٹہ ہرنائی، ہرنائی سنجاوی پنجاب شاہراہ پر دوبارہ کام کا آغاز کر کے اسے بروقت معیاری طور پر مکمل کیا جائے۔ ہے کہ اس واقعہ سمیت تمام دہشتگردانہ واقعات میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عوام کے سر و مال کے تحفظ کیلئے اقدامات کیئے جائیں

## بلوچستان کے وسائل اور مقامی عوام سے ساحل چھین لیا گیا ہے، مالک بلوچ

ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اتنی بڑی سرزمین کے مالک کے بچے روزگار، بنیادی صحت و تعلیم کی سہولیات سے محروم نہ ہوں، سابق وزیر اعلیٰ

اپنے دور میں چھ ارب روپے دیئے گوادر میں اتنے جتنے بڑے ترقیاتی کام ہوئے ہیں وہ نیشنل پارٹی کے مرہون منت ہیں، خطاب

گوادر (این این آئی) گوادر میں پندرہ سالوں سے حکمرانی کرنے والوں کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں، گوادر میں ماہیگیروں کا سمندر یرغمال ہے، میں نے اپنے دور حکومت میں گوادر کی ترقیاتی کاموں کے لیے 6 ارب ڈالر دیئے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک نے گوادر میں کارکنان کی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا ہم وسائل سے مالا مال سرزمین کے مالک ہیں مگر ہمارے وسائل کے ساتھ ساتھ ہمارا ساحل بھی ہم سے چھین لیا گیا۔ ہونا یہ چاہیے کہ اتنی بڑی سرزمین کے........

بقیہ نمبر 79 صفحہ نمبر 9 پر

مالک کے بچے روزگار، بنیادی صحت و تعلیم کی سہولیات سے محروم نہ ہوں، یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ گوادر میں گزشتہ پندرہ سالوں سے حکمرانی کرنے والوں کو عام عوام کی بنیادی مسائل سے کوئی سروکار نہیں، ایا گوادر میں ماہیگیروں کے سمندر کا مسئلہ ہو، پانی، بجلی یا دیگر عوامی بنیادی سہولیات فراہمی کا مسئلہ ہو ان پندرہ سالوں سے حکمرانی کرنے والوں نے عوامی بنیادی مسائل حل کرنے کے لیے مکمل لاتعلقی اختیار کی ہے۔ انہوں نے کہا گوادر میں ابتک جتنے بڑے ترقیاتی کام ہوئے ہیں

## کیچ میں شہید ہونے جوانوں کی بہادری پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، یار محمد رند

فرائض کی ادائیگی کے دوران قیمتی جانوں کو قربان کرنے والے شہداء ہمارے سروں کا تاج ہیں

سبی (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی سینئر سیاست دان سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے دو نوں جوانوں کی بہادری جرآت خراج تحسین پیش کرتے ہیں........

بقیہ 59 صفحہ نمبر 9 پر

فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کر کے اپنی قیمتی جانوں کو قربان کرنے والے شہداء ہمارے سروں کی تاج ہیں ضلع کیچ کے علاقے سنگوان میں سیکیورٹی فورس کی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی ہر فورم پر مزمت کرتا ہوں چیف آف رند سردار یار محمد رند کا کہنا تھا کہ کیچ کے علاقہ سنگوان میں دہشت گردوں فائرنگ کے واقعہ میں دو سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس ہوا دہشت گردی کے واقعہ کی اطلاع پر غم زدہ ہوا چیک پوسٹ پر ڈیوٹی دینے والے اہلکاروں نے اپنی جانوں کی پرواہ نہیں کی جرات و جوانمردی سے دہشت گردوں کا حملہ پسپا کر کے بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 12

## بلوچستان کو بار بار بحرانوں کے دلدل میں پھنسانے والوں کو مسلط نہیں ہونے دیں گے، مولانا عبدالحق ہاشمی

صوبے میں روزگار برائے فروخت، ترقیاتی کاموں کے نام پر کرپشن وکمیشن کا بازار گرم ہے، امیر جماعت اسلامی

**حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو عوام کے مسائل پریشانی اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں بلکہ انہیں اپنے مفادات عزیز ہیں**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ ایک بار پھر پارٹیاں وچہرے کرلوٹ مار کرنے کیلئے عوام پر مسلط ہورہے ہیں۔ ملک وبلوچستان کو بار بار بحرانوں کے دلدل میں پھنسانے والے پھر سازش کے تحت ہم پر مسلط ہونے کی تیاری کررہے ہیں جماعت اسلامی قوم کیساتھ ملکر ان نااہل لٹیروں کو ناکام بنائیگی بلوچستان میں ترقی اخبارات، دستاویزات اور اعلان میں کئی عشروں سے جاری عملی طور پر میدان میں بلوچستان ریگستان بنا دیا گیا ہے اپوزیشن اور حکومت دونوں نے پانچوں انگلیاں گھی میں ہے روزگار برائے فروخت، ترقیاتی کاموں کے نام پر کرپشن وکمیشن کا بازار گرم ہے۔ نوجوان بے روزگار اور منشیات میں مبتلا ہورہے ہیں۔ حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو عوام کے مسائل پریشانی اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں انہیں اپنا کمیشن، مراعات ومفادات عزیز ہے۔ جماعت اسلامی قوم کو لٹیروں نااہلوں اور مفاد پرستوں سے نجات دلاکر دیانت دار قیادت کے ذریعے مسائل سے نجات دلائیگی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اہل بلوچستان کے حقوق کے کیلئے ہرفورم پر آواز اٹھائیگی حقوق بلوچستان مہم قوم کے دلوں کی آواز اور مسائل کے حل کی راہ ہے، جمہوری طریقے سے نااہل حکمرانوں مقتدر قوتوں سے حقوق چھین لیں گے۔ بلوچستان کی مجموعی صورتحال تشویشناک، اپوزیشن نہ ہونے کی وجہ سے حکومتی کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے سب لٹیروں ملک وملت دشمنوں کو لوٹا ہوئی دولت سے بہت بڑا حصہ مل رہا ہے اس لیے سب ٹھیک ہے کی رپورٹ جاری کی جاتی ہے۔ عوام نااہلوں لٹیروں سے مایوس ہیں

Century Express Quetta

## عوام کیساتھ ہمارا محبت کا رشتہ کوئی ختم نہیں کرسکتا، جام کمال

**لسبیلہ اور حب کے لوگوں کو ہمیشہ اپنی فیملی کی طرح سمجھا، یہ سلسلہ قائم رہے گا**

ہندو برادری سمیت سب کی خدمت کرنے پر خلوص دل سے یقین رکھتے ہیں، سابق وزیراعلیٰ

وندر (یو این اے) ہندو برادری صدیوں سے لسبیلہ اور حب میں آباد ہے لیکن آج بھی ہمارا دل انکے ساتھ دھڑکتا ہے، ان خیالات کا اظہار سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کا وندر میں کھمی ولود کمار لاسی کی قیادت میں اقلیتی کونسلر کملیش کمار لاسی کی دعوت پر ہندو محلہ وندر میں منعقدہ ٹی پارٹی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب آف لسبیلہ جام میر کمال خان عالیانی نے کونسلر کملیش کمار لاسی کی دعوت پر ہندو محلہ وندر میں ٹی پارٹی (باقی صفحہ 7 نمبر 2)

کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لسبیلہ حب کے لوگوں سے جام خاندان کے پیار ومحبت کا جو رشتہ ہے اس سے کوئی ختم نہیں کرسکتا لسبیلہ حب کے لوگوں پر کبھی بھی زبردستی کی نہ ہی انہیں تکلیف دی اپنے خاندان کی طرح فیملی ممبر سمجھتے ہوئے انہیں پیار ومحبت سے نوازا ہے اور آئندہ بھی ہمارا انکے ساتھ پیار ومحبت اور خلوص وخدمت کا رشتہ برقرار رہے گا۔

INTEKHAB QUETTA

## نجمہ بلوچ واقعہ پر بلوچ جماعتوں کی خاموشی حیران کن ہے، آل پارٹیز

نجمہ بلوچ نے خودکشی نہیں کی بلکہ انہیں ہراساں کرکے قتل کیا گیا' قاتل ابھی تک آزاد گھوم رہے ہیں جن کے خلاف اقدامات سے گریز کیا جارہا ہے

**اگر سیاسی جماعتیں اس طرح خاموش رہیں تو ہماری عزت مزید تار تار ہوگی' احتجاجی مظاہرے سے خان محمد جان اور گلزار دوست کا خطاب**

تربت (نمائندہ انتخاب) آل پارٹیز کیچ کے زیر اہتمام گیشکور آواران کی ٹیچر نجمہ بلوچ کے مبینہ قتل اور قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف تربت پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا جس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنوں اور سماجی شخصیات نے شرکت کی، مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے آل پارٹیز کیچ کے کنوینر غلام یاسین بلوچ، بی این پی مینگل کے رہنما سید جان گچکی، پی این پی عوامی کے مرکزی رہنما خان محمد جان اور تربت سول سوسائٹی کے کنوینر گلزار دوست نے خطاب کیا انہوں نے کہا کہ نجمہ بلوچ کی خودکشی کے پیچھے سب سے بڑی محرک سیاسی بقیہ نمبر 82 صفحہ 7 پر

جماعتوں کی انا پرستی، بی حضوری اور عوامی ایشوز پر خاموشی ہے، اگر سیاسی جماعتیں اسی طرح خاموش رہیں تو ہماری عزت مزید تار تار ہوں گی، مقررین نے کہا کہ نجمہ بلوچ نے خودکشی نہیں کی بلکہ انہیں ہراساں کرکے قتل کیا گیا اور قاتل ابھی تک آزاد گھوم رہے ہیں حکومت ان کے خلاف قدم اٹھانے سے گریز کررہی ہے کیونکہ ان کے تعلقات وسیع ہیں اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا تعلق آواران سے ہونے کے باوجود ایک لیویز اہلکار کے خلاف ایکشن نہ لینا حیران کن ہے انہوں نے کہا کہ ہم نجمہ بلوچ کے خاندان کو انصاف فراہمی تک آواز اٹھاتے رہیں گے اور آل پارٹیز آواران کے ساتھ آل پارٹیز کیچ ہر ممکن تعاون کرتی رہے گی کیونکہ نجمہ صرف ایک خاندان کی بیٹی نہیں تھی بلکہ وہ پوری قوم کی بہن بیٹی تھی

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 17


# کوئٹہ میں ایرانی پیٹرول کی فی لیٹر 220 روپے بلیک میں فروخت کا سلسلہ جاری

## ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 150 روپے لیٹر قیمت مقرر ہے مگر عملدرآمد نہ ہونے سے شہری پریشان ہیں

### ایران سے 20 روپے لیٹر ملنے والا تیل کوئٹہ پہنچ کر 220 کا ہو جاتا ہے، قانونی طور پر اجازت دی جائے، عوامی حلقے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایرانی پیٹرول بلیک میں 220 روپے فی لیٹر فروخت کیا جارہا ہے جبکہ ضلعی انتظامیہ ایرانی پیٹرول فی لیٹر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قیمت 150 روپے مقرر کی گئی مگر عمل درآمد نہ ہوسکا شہری پریشان، سینچری ایکسپریس سے بات چیت کرتے ہوئے رحمان کاکڑ، سہیل درانی، بابر بلوچ ودیگر کا کہنا تھا کہ ایرانی پیٹرول جو ایران سے 20 روپے فی لیٹر ملتا ہے کوئٹہ پہنچ کر 220 روپے میں فروخت کا سلسلہ جاری ہے حکومتی دعوی دھرے کے دھرے رہ گئے حکومت ایرانی پیٹرول کی تجارت کے لیے قانونی طور پر اجازت دے تاکہ بلیک میں فروخت کرنے والے مافیا سے جان چھوٹ سکے جو ملاوٹ شدہ پیٹرول فروخت کررہا ہے جس سے گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں آئے روز خراب ہوجاتی ہے اور ایوریج بھی پوری نہیں ملتی ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ان منافع خوروں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف دیا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 7 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 18

# بارشوں سے تباہ حال سڑکیں اور پل، مرمت کب ہوگی؟

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ N25 ضلع لسبیلہ اور حب کے درمیان گزشتہ سال کے تباہ کن مون سون بارشوں اور سیلاب میں بہہ جانے والے پل بحال نہ کیے جا سکے اور پھر سے مون سون کے سیزن کا آغاز ہوگیا ہے۔ ایک مرتبہ پھر قومی شاہراہ بند ہونے کے خدشات کو خارج ازامکان قرار نہیں دیا جاسکتا، وفاقی ادارے این ایچ اے کی غفلت اور بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسے سلوک کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ حب پل سمیت اوتھل اور بیلہ کے درمیان 7 مختلف مقامات پر پل سیلابی پانی میں بہہ گئے، ان کی بحالی تو در کنار متبادل راستے تک ہموار نہیں کیے گئے بلکہ 10 ماہ گزرنے کے باوجود ابھی تک متاثرہ پلوں کو سیلابی ریلوں میں بہا کر لے جانے والی آبی گزرگاہوں سے گاڑیوں کا راستہ بنا دیا گیا ہے، جس کے باعث درجنوں حادثات رونما ہوئے جس میں کئی افراد کی اموات واقع ہوئیں۔ اس کے علاوہ کئی افراد کی ہڈیاں ٹوٹیں یا ان کے اعضا مفلوج ہو گئے جس کے باعث وہ بے چارے معصوم عوام اپاہج ہو گئے۔

دوسری جانب بلوچستان اور سندھ میں ہونے والی ژالہ باری سے بھی بھاری نقصان ہوا ہے، گاڑیوں اور کچے مکانات کو جو نقصان پہنچا اس کے علاوہ فصلوں کا بڑے پیمانے پر نقصان ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ اتنے بڑے پیمانے پر ہونے والی ژالہ باری فصلوں کے لیے انتہائی نقصان دے ہوتی ہے۔ حکومت نے اس حوالے نہ تو شہریوں کو بروقت معلومات فراہم کیں اور نہ کی کسانوں کی فصلوں کو پہنچنے والے نقصان کے تدارک کے لیے کوئی اقدامات کیے۔ بارشوں کے باعث بلوچستان میں زندگی تقریباً مفلوج ہو جاتی ہے۔ مرکزی شاہراہیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں، پل پہلے ہی بہہ چکے ہیں، ایسے میں ایک شہر سے دوسرے شہر جانے کا تصور بھی محال ہے۔ گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاروں کے باعث بزرگوں، خواتین اور مریضوں کو بہت زیادہ تکلیف برداشت کرنی پڑتی ہے۔

حب، لسبیلہ اور دیگر شہریوں کے صنعتکاروں اور تاجروں نے متعلقہ محکموں اور اداروں کو بروقت بتا دیا تھا کہ چند ہفتوں بعد بارشوں کا آغاز ہو جائے گا، اتنی جلد پلوں کی تعمیر تو ممکن نہیں، ادارے کم از کم متبادل راستوں کو بہتر بنائیں تاکہ شہریوں کو آمد و رفت کی مشقت سے بچایا جا سکے لیکن مجال ہے جو اداروں کے افسران کے کان پر جوں تک رینگی ہو۔ یہی بے حسی کا مظاہرہ عوام کی مشکلات اور اذیت میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ اگر قومی ادارے تھوڑی سی توجہ بلوچستان کے مسائل پر مرکوز کریں تو کوئی بڑی بات نہیں کہ بلوچستان کو ماڈل صوبہ بنایا جا سکتا ہے۔ یہاں کی آبادی بہت تھوڑی ہے، اس مختصر آبادی کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکتی ہیں لیکن حکومت اور اداروں دونوں کی جانب سے مسلسل غیر سنجیدگی، لاپرواہی اور غفلت کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ موجودہ حکومت کی کارکردگی تو انتہائی ناقص ہے، ایک سال سے سوائے بیان بازی کے حکومت نے عملی طور پر کچھ نہیں کیا۔ عمران خان اور پی ٹی آئی کے علاوہ حکومت کو کسی مسئلے کا پتہ ہی نہیں ہے۔ وزرا کے بیانات اسی سے شروع ہر کر اسی پر ختم ہو جاتے ہیں۔

عوام کی مشکلات اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر توجہ دینے کو کوئی ادارہ اور حکومت تیار نہیں ہے، بارشوں سے ہر سال مسلسل اربوں روپے کا نقصان ہوتا ہے، اس کے تدارک کے لیے عملی طور پر کوئی کام نہیں کیا گیا۔ ہر سال تباہی کے بعد تعزیت اور ہمدردی کے بیانات جاری کیے جاتے ہیں اور اس کے بعد پھر سابقہ روش پر آ جاتے ہیں۔ چھوٹے سے صوبے کو سنبھالا نہیں جا رہا تو ان سے پورے ملک کو ترقی دینے کی امید کون رکھ سکتا ہے۔ عوام اور حکمرانوں کے درمیان فاصلہ بڑھتا جا رہا ہے، اداروں میں بیٹھے افسران بھی شاید خود کو سرکار کا ملازم سمجھنے کے بجائے خود ہی سرکار بن گئے ہیں۔ کوئی پرسان حال نہیں، سرکاری اداروں کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ وہاں کارکردگی جانچنے کے لیے کوئی نظام ہی موجود نہیں ہے، نجی اداروں میں ہر ملازم کی کارکردگی جانچنے کے لیے پیمانہ ہوتا ہے، پیداوار اور انتظام دونوں کو دیکھا جاتا ہے، لیکن سرکاری اداروں میں ملازمین کی پیداواری یا انتظامی صلاحیت نہ ہونے کے برابر ہے۔ کسی حکومت نے ان ملازمین اور افسران کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے کوئی تحقیق نہیں کی، ایک ملازم برسوں دفتر جاتا ہے لیکن وہاں کیا کرتا ہے اس کا کسی کو کوئی علم نہیں، ہر محکمے اور ادارے کا یہی حال ہے۔ اراکین اسمبلی قانون سازی سے زیادہ ملنے والے فنڈز میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ عوام کو ظلم و جبر سے بچانے اور ان کی مشکلات کو کم کرنے کے لیے کوئی قانون سازی دیکھنے میں نہیں آتی۔ اراکین اسمبلی کو ملنے والے فنڈز کہاں جاتے ہیں، ان کا بھی کوئی ریکارڈ سامنے نہیں آتا۔ ادارے مالی مشکلات کا رونا روتے رہتے ہیں جب مالی سال ختم ہوتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ پچاس فیصد پیسہ تو خرچ ہی نہیں ہوا، کیونکہ اداروں نے پہلے سے کاغذی کارروائی ہی مکمل نہیں کی ہوتی ہے فنڈز آتے ہی کام مکمل کر لیا جائے۔ این ایچ اے اور انفراسٹرکچر سے منسلک دیگر ادارے اپنی ذمے داریوں کو نبھاتے ہوئے اپنی کارکردگی بہتر بنائیں اور سڑکوں کی مرمت کا کام فوری طور پر مکمل کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 19


# بلوچستان میں 19 سال بعد کھیلوں کا میلہ



تحریر۔ محمد باج سلیمان

کھیل کی کہانی دراصل انسانی تہذیب و تمدن کی کہانی ہے۔ عہد حاضر میں کھیلوں کو سماجی تقدس حاصل ہے اور یہ انسانوں کی کردار سازی، باہمی رواداری اور عالمی بھائی چارے کے لطیف ترین جذبات کو فروغ دینے کا فریضہ سر انجام دے رہے ہیں۔ انسانی تہذیب کو بنانے اور سنوارنے میں ادب، فلسفہ اور فنون لطیفہ کے علاوہ جس عنصر نے اہم ترین کردار ادا کیا ہے وہ کھیل ہی ہے۔ دراصل انسانی جسم ایک عظیم عطیہ خداوندی ہے جس کی ترتیب کے ساتھ حفاظت، دیکھ بھال اور پرورش ایک مقدس فریضہ ہے۔ قدیم اولمپکس کا تو یہی فلسفہ اور روح تھی۔ اسی لیے تو وہٹ مین نے کہا ہے کہ "دنیا میں اگر کوئی چیز مقدس ہے تو انسانی جسم ہے"۔ کھیلوں کی تاریخ کا مطالعہ دراصل انسان کی بتدریج شعوری ترقی کا مطالعہ ہے۔ جسمانی اور ذہنی طور پر صحت مند اور تندرست قوموں کو ہی فطرت بنی نوع انسان کی قیادت سونپتی ہے۔ آج دنیا میں عسکری، اقتصادی اور سیاسی میدانوں میں انہی قوموں کو عروج حاصل ہے جو کھیل کے میدان میں سر فہرست ہیں۔ ماہرین کے مطابق 2025ء میں عوامی جمہوریہ چین امریکہ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے "عالمی لیڈر" کا درجہ حاصل کر لے گا اور یوں اس مقولے کو سچ ثابت کر دکھائے گا کہ "دنیا میں بہترین دماغ انگریز کا، بہترین زبان عربوں کی اور بہترین ہاتھ چینیوں کے ہیں"۔ بلوچستان میں دو دہائیوں سے جاری شورش نے نہ صرف مختلف شعبوں کو متاثر کیا بلکہ کھیلوں کے ایونٹس کو بھی بریک لگ گئے لیکن کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے مصداق 2004 کے بعد 12 مئی کو کوئٹہ میں نیشنل گیمز منعقد ہوئے اور 30 مئی کو 19 روز تک جاری رہنے والے طویل نیشنل گیمز کے خوبصورت میلے کا میوزیکل شو اور آتش بازی کے بعد اختتام پذیر ہو گیا، تقریب کے مہمان خصوصی صدر مملکت عارف علوی تھے، تقریب میں گورنر بلوچستان عبدالولی کاکڑ، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، صوبائی وزیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ، آئی جی پولیس، کمشنر کوئٹہ ڈویژن، سیکرٹری کھیل جبکہ ڈی جی سپورٹس بھی شریک تھے۔ قومی گیمز ملک میں یکجہتی اور اتحاد کی علامت ہوتے ہیں، ملک بھر کے کھلاڑی ایک دوسرے سے ملتے ہیں جس سے آپس میں محبت اور اخوت کو پروان چڑھانے میں مدد ملتی ہے، قومی گیمز کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، دنیا بھر میں ان کے ملکوں کے قومی چیمپین شپ سے کھلاڑی نکھر کر سامنے آتے ہیں، جسکے بعد انہیں گروم کیا جاتا ہے اور مستقبل کے عالمی مقابلوں میں تیار کر کے ٹیم کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ مگر پاکستان میں ان کھیلوں کا افسوسناک پہلو یہ ہے کہ قومی گیمز اکثر اپنے وقت پر نہیں ہو پاتے ہیں، کھلاڑیوں اور کھیلوں سے محبت کرنے والے حلقوں کو اکثر یہی گلہ رہتا تھا کہ بلوچستان میں کھیلوں کا قومی سطح پر انعقاد بہت کم ہوتا ہے، تاہم اس حوالے سے 19 سال بعد نیشنل گیمز کا انعقاد صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں یقینی بنایا گیا، جسکی میزبانی بلوچستان کیلئے اعزاز کی بات ہے۔ قومی گیمز کی مشعل مختلف شہروں سے گزر کر کوئٹہ پہنچی، کراچی میں مزار قائد سے اس کے باقاعدہ سفر کا آغاز ہوا۔ کھیلوں کے قومی مقابلوں میں پاکستان ریلوے، واپڈا، پاک فوج، نیوی، ائیر فورس، پولیس، پشاور، ایچ آئی سی، پنجاب، سندھ، اسلام آباد آزاد جموں کشمیر جبکہ گلگت بلتستان کی ٹیموں نے شرکت کی۔ قومی مقابلوں کے انعقاد سے بلوچستان کا انتہائی مثبت چہرہ دنیا بھر کے سامنے ابھرا۔ نیشنل گیمز کے دوران فول پروف سیکورٹی کے انتظامات کیے گئے، ڈھائی ہزار پولیس کے علاوہ ایف سی اہلکار بھی تعینات کیے گئے۔ ملک بھر سے ۸ ہزار سے زائد کھلاڑی و آفیشلز نے نیشنل گیمز میں حصہ لیا جبکہ 32 کھیلوں کے مقابلے کرائے گئے، کھیلوں میں بیس بال، فٹبال، ہینڈ بال، ہاکی، کبڈی، رگبی، درسہ کشی، والی بال، بیڈمنٹن، باکسنگ، فینسنگ، جیمناسٹک، آرچری، ایتھلیٹکس، باسکٹ بال، باڈی بلڈنگ، سائیکلنگ، گالف، جوڈو کراٹے، سکواش اور ٹیبل ٹینس، تائیکوانڈو، ٹینس، سوئمنگ، ویٹ لفٹنگ، ریسلنگ و دیگر کھیل شامل تھے۔ کھیلوں کو دو مراحل میں مشتمل کیا گیا تھا۔ نیشنل گیمز کی کوریج کیلئے محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان نے ٹیم کو تشکیل دیا جبکہ سوشل میڈیا کے تحت تمام تر کھیلوں کی خبروں کی ترسیل کیلئے ڈی جی پی آر انفارمیشن سیل میں ٹیم کو متحرک کیا گیا تاکہ بروقت سوشل میڈیا صارفین کو تمام تر اطلاعات سے آگاہ رکھا جا سکے۔ نیشنل گیمز کی تقریب کا افتتاح وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کیا۔ کھیلوں کے مقابلوں آرمی، واپڈا اور نیوی کی ٹیموں نے نمایاں پوزیشن حاصل کیں۔ میگا ایونٹ میں دیگر ٹیموں نے بھی بھرپور شرکت کی اور نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ کھلاڑیوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کیجانب سے انتظامات کیے گئے۔ دیگر صوبوں سے آئے کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ کوئٹہ مہمان نواز صوبہ ہے اور یہاں کے لوگ محبت کرنے والے ہیں جبکہ یہاں کی مہمان نوازی اپنی مثال آپ ہے، کوئٹہ کے حوالے سے منفی تاثرات زائل ہو گئے ہیں یہاں کے لوگ امن پسند ہیں۔ نیشنل گیمز کے انعقاد سے دنیا بھر میں بلوچستان کا مثبت امیج ابھرا ہے جو کہ یہاں کی ترقی اور خوشحالی میں اضافہ کرے گا۔ دوسری جانب بلوچستان حکومت کی کاوشوں اور انتھک محنت کے باعث اس میگا ایونٹ کا قیام خوش آئند ہے، حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے جس سے صوبے کے مقامی کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کو ابھارنے کا موقع مل رہا ہے، صوبے میں کھیلوں کے فروغ اور نیشنل گیمز کے انعقاد سے تجارتی حلقوں کے کاروباروں میں بھی اضافہ ہوا۔ کوئٹہ جیسے محدود وسائل کے شہر میں ایسے کھیلوں کا انعقاد صوبے کیلئے نہایت احسن اقدام ہے۔ حکومت کی جانب سے عوام کو نیشنل گیمز کا مقصد کھیلوں کی جانب راغب کر کے مثبت پیغام دینا ہے، صوبے بھر میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہے، کھلاڑی ہمارے صوبے کا نام روشن کرتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے کھلاڑیوں کی رہائش اور کھانے پینے کے بہترین انتظامات کیے گئے، جبکہ آفیشلز نے منتظمین کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں تمام تر سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی گئی جبکہ سیکورٹی کے حوالے سے بھی اطمینان کا اظہار کیا۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی جانب سے بلوچستان میں کھیلوں کے انعقاد کو یقینی بنانے اور پایہ تکمیل تک پہنچانے پر حکومت بلوچستان کو مبارکباد پیش کی اور خواہش بھی ظاہر کی کہ آئندہ وقتوں میں بھی ایسے میگا ایونٹ کا انعقاد کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 7 DATE: 02 JUN 2023 Page No: 20

# ”قومی سوال 20 صدی کے تناظر میں“

گزشتہ سے پیوستہ

محمد صدیق کھیتران

جیسا کہ 2022 کی غیر فطری بارشوں سے عوام الناس کے نقصانات کا مطالبہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے اپنے دورے کے دوران کیا۔ البتہ قوم پرست تحریکیں اپنے اہداف، نظریات اور نقطہ نظر میں مختلف ہو سکتی ہیں ان کی پرامن آئینی جدوجہد سے لیکر شدت پسندی کی مختلف اشکال بن سکتی ہیں۔ مگر جمہوری نظام متنوع آوازوں اور نقطہ نظر کی اجازت دیتا ہے۔ جو جمہوری اقدار اور رواداری کو برقرار رکھتے بشمول اجتماعی شمولیت کو فروغ دیتا ہے۔

بلوچستان کی سیاست میں گراوٹ کا سب سے بڑا دخل کالے دھن یا ڈرٹی منی "Dirty" Money کو ہے۔ جس کا تعلق بلوچستان، افغانستان اور ایران کی سرحدات پر چلنے والی شدت پسند مذہبی شورشوں پر ہونے والے پنہاں اخراجات سے ہے۔ کسی کو یاد ہو تو نومبر 1979 کو ایران میں طلبا نے امریکی سفارتی عملے کے 66 ارکان کو یرغمال بنالیا تھا۔ ان یرغمالیوں کو ایران نے 444 دن تک قید میں رکھا۔ ستمبر 1980 کو عراق نے ایران پر حملہ کیا۔ جس کی پشت پر امریکہ کھڑا تھا۔ یہ جنگ 8 سال تک جاری رہی جس میں ہر دو اطراف سے 5 لاکھ افراد مارے گئے تھے۔ ایران کے پاس شہنشاہ ایران کے دور کا سارا ملٹری ہارڈ ویئر امریکی تھا۔ امریکہ نے پہلے سے ایران پر اقتصادی پابندیاں لگا رکھی تھیں۔ اسلحہ اور مطلوبہ پرزہ جات نہ ملنے کی وجہ سے خمینی نے باسج ملیشیا "Basij Millitia" تشکیل دی۔ جسمیں جنت کی کنجی کے نام سے گلے کی زنجیر میں ایک چابی لٹکا دی جاتی تھی۔ یہ چابی اس بات کا ثبوت تھی کہ جنگ میں مارے جانے کی صورت میں شہادت کا رتبہ ملنے کی بشارت ہے اور یہ کہ گلے میں لٹکی چابی جنت کا دروازہ کھولنے کیلئے کام آئیگی۔ ان نوجوان سپاہیوں کو جنگ میں ٹینکوں اور آرٹلری کے آگے بھیجا جاتا تھا تاکہ راستے میں بچھی ہوئی بارودی سرنگ سے قیمتی جنگی مشینری کو بچایا جاسکے۔ ریکارڈ بتاتا ہے اس وقت باسج ملیشیا کی عددی تعداد 90 ہزار رضاکاروں پر مشتمل تھی جبکہ 3 لاکھ نوجوان ریزرو رکھے گئے تھے۔ 1985-86 میں امریکی پابندیوں کے باوجود صدر ریگن نے اسرائیل کے ذریعے سے ایران کو خفیہ امریکی اینٹی ٹینک میزائل فروخت کیئے۔ امریکی خفیہ ایجنسی نے اس کے بدلے میں نا صرف لبنان کی مسلح تنظیم حزب اللہ سے اپنے یرغمالی رہا کرائے بلکہ اس ڈیل سے حاصل ہونے والی ڈرٹی منی سے لاطینی امریکہ کے ملک نکاراگوا کے "کونٹرا" باغیوں کو اسلحہ فراہم کیا۔ آج اگر بلوچستان میں 80 فی صد بدعنوانی کی عالمی رپورٹس ہیں تو اس کے پیچھے اسی "ڈرٹی منی کی کارستانیاں چھپی ہوئی ہیں۔

1979 میں روسی کمیونسٹ فوج افغانستان میں داخل ہوئی جس کی تعداد آخر میں ایک لاکھ 20 ہزار تک پہنچ گئی تھی۔ اس کے مقابلے میں امریکہ، سعودی عرب اور پاکستان نے 25 ہزار عرب جنگجو اور 90 ہزار افغان جنگجوؤں کو میدان میں اتارا۔ اس وقت دہشت گردی کے بیج کو پروان چڑھانے کے اخراجات مغرب اور عرب ممالک نے مل کر برداشت کیئے تھے۔ مگر 11 ستمبر 2001 کو [illegible] کہ امریکہ پر حملے کے ردعمل میں امریکہ نے ایک لاکھ ایک ہزار نیٹو اتحاد کی فوجیں افغانستان میں اتاریں۔ جو بالآخر افغانوں کے ہاتھوں شکست کھا کر 2019 میں واپس چلی گئیں۔ کئی سالوں سے اس خطے کے خفیہ جنگی اخراجات بلوچستان کے مبینہ ڈرٹی منی اکاؤنٹس سے پوری کی جارہی ہیں۔ یہاں انتخاب سے پہلے نامزد ممبران اسمبلی سے باضابطہ بڑی بڑی رقومات لی جاتی ہیں۔ منشیات کے تاجروں کا میل جول اور مخصوص مونوگرام والی گاڑیوں کی بلا روک ٹوک شاہراہوں پر آمدورفت، پبلک سوشل ڈیولپمنٹ پروجیکٹس میں 80 فی صد کمیشن، بارڈر ٹریڈ پر اجارہ داری، معدنیات پر مخصوص ٹیکس، ساحل کی صوبائی ماہی گیری کی حدود میں غیر ملکی ٹرالروں کو غیر قانونی شکار کی اجازت نامے، سینڈک، سی پیک اور گیس کی فیلڈوں کے معاہدوں کی کلاسیفائیڈ تجدیدیں، ساحلی زمینیں پر قبضے اور ریکوڈک پر خفیہ معاہدوں کے نتیجے میں حاصل ہونے والے حقیقی مالی فوائد اور بوقت ضرورت وزارت اعلیٰ کو تین چار ارب روپے میں فروخت کرنا سب ڈرٹی منی اکاؤنٹس کے مختلف ہیڈز (Heads) ہیں۔ اس لوٹ کھسوٹ کے سامنے مزاحمت کیلئے ایک جمہوری قومی مرکزی پولیٹیکل فورس کی اشد ضرورت ہے جو کہ پچھلے چالیس سالوں سے بنتی اور طاقت پکڑتی نظر نہیں آرہی۔

ڈاکٹر کہور خان کے نظریات سمیٹتے ہوئے اتنا عرض کرنا مقصود ہے کہ کارل مارکس نے کہا تھا مزدور کی کوئی قوم نہیں ہوتی۔ یہ کہ مزدور انقلاب سب سے پہلے جرمنی یا پھر انگلستان میں آئے گا۔ اس نے یہ بھی کہا تھا ہندوستان کی بغاوت کی جنگ آزادی کی جنگ نہیں بلکہ جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کی جنگ ہے۔ کیونکہ ہندوستان میں مزدور دوست شعور ابھی آیا نہیں ہے۔ مگر جرمنی کی بجائے روس میں پہلا مزدور دوست انقلاب آیا۔ روس میں صنعت تھی اور نا ہی مزدور تھا۔ وہاں شعوری انقلاب آیا تھا جس نے دیہی کسانوں اور عام عوام کو تبدیلی کیلئے تیار کیا تھا۔ اسٹالن نے انقلاب آنے کے بعد کہا تھا کہ اب یورپ اور دیگر دنیا میں بندوق کے زور پر انقلاب لایا جائے گا۔ جس کی مخالفت اس وقت کے یورپین مارکسسٹوں نے کی تھی۔ ان کا موقف تھا کہ وہ عوام دوست جمہوری انقلاب کے علاوہ کسی پرتشدد تحریک کا حصہ نہیں بنیں گے۔ وہ کہتے تھے انقلاب عوام کیلئے لائے جاتے ہیں۔ وہی ہیرو اور وہی تاریخ بنانے والے ہیں جس کے لیے تبدیلی کی بنیادی اینٹ ہی جمہوری جدوجہد ہے۔ چنانچہ سپر پاور بننے والا سویت یونین صرف 70 سال تک زندہ رہ سکا۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ پرامن طریقے سے لائی گئی تبدیلی ہی پائیدار ہو سکتی ہے۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا کی سب سے بڑی سرمایہ دارانہ منڈی کو چینی کمیونسٹ پارٹی چلا رہی ہے۔ اسی طرح جن علاقوں میں جاگیردار اور قبائلی راہنماؤں کے ہاتھوں میں قیادتیں آئی ہیں وہاں پول پاٹ، سری لنکا کے پربھاکرن، افغانستان و بلوچستان کے وار لارڈز اور سندھ کے وڈیرے نے جمہوری حقوق دینے کی بجائے تشدد کر کے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ آج بھی عام بلوچ کی قومی تحریک اس وقت تک نامکمل ہے جب تک متوسط طبقے کی قیادت میں خواتین، مزدور اور جمہوری سیاست کو محور نہیں بنایا جاتا۔ اس کیلئے نوجوانوں کو آگے بڑھ کر کتاب کو رہبر بنانا ہوگا ورنہ ڈرٹی منی کے یہ پروجیکٹس مقامی آبادی کو دودھاری تلوار سے کاٹتے رہینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 8

DATE: 01 JUN 2023

Page No: 21

Tribune Express Karachi

## Increased flights for Quetta urged

QUETTA: Balochistan Chief Minister Abdul Quddus Bizenjo on Wednesday urged the national flag carrier and other airlines to increase flights for Quetta after the up-gradation of the main runway. In a statement CM extended his gratitude to Civil Aviation Authority for completing the project as Pakistan International Airlines (PIA) flight landed today at the Quetta International Airport after the up-gradation of its main runway. "With this latest development, now Boeing 777 and its equivalent passenger heavy aircraft will be able to land in Quetta in all weather, day and night conditions," said CM, adding that the provincial capital of Balochistan is an important city in terms of its geographical location. Besides, due to its proximity to neighboring countries Iran and Afghanistan, it has significant commercial importance. "The operation of heavy aircraft will not only increase trade activities but eventually boost the tourism industry of the province," he noted. APP

## First plane touches down on Quetta's revamped runway

By Saleem Shahid

QUETTA: Quetta airport on Wednesday received the first flight on its new, upgraded runway, which officials say can handle wide-body aircraft like the Boeing 777 in all kinds of weather and no matter which part of the day.

The first flight to land on the new runway on Wednesday was PK-325 of PIA, which had taken off from Islamabad.

The runway — whose upgrade cost Rs5 billion according to a Civil Aviation Authority (CAA) spokesperson — is equipped with the latest lighting system to help planes take off and land at the airport 24/7.

Balochistan Chief Minister Abdul Qudoos Bizenjo has urged the national flag carrier and other airlines to increase the number of flights to and from Quetta. He appreciated the CAA for completing the project.

"With this latest development, now Boeing 777 and its equivalent passenger heavy aircraft will be able to land in Quetta in all types of weather day and night," Mr Bizenjo said in a statement on Wednesday.

He said Quetta had significant commercial importance because it's near Iran and Afghanistan.

Presently, PIA runs its flights between Quetta and Islamabad four days a week and two flights to and from Lahore. Private airlines have also reduced the number of Islamabad-Quetta flights.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ DATE: 02 JUN 2023 Page No:______



کوئٹہ: گورنر بلوچستان میر عبدالولی کاکڑ سے آئی آر سی کے سربراہ نکولس لمبرٹ کی سربراہی میں وفد ملاقات کر رہا ہے



گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ سے عبدالرحیم زیارتوال کی قیادت میں پشتونخوامیپ کا وفد ملاقات کر رہا ہے



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کو المعہد اسلامک یونیورسٹی کے پرو ریکٹر ارواجاوید شیلڈ دے رہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان سے
میر عبدالسلام ریکی بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta



ETTA: A delegation led by MD SSGC Imran Manyar calls on Governor Balochistan Abdul Wali Kakar on Thursday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 0 2 JUN 2023 Page No: ________



صوبائی مشیر برائے اطلاعات مشاخان کاکڑ کی قیادت میں وفد چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے ملاقات کر رہا ہے



مراکو، صوبائی وزیر زمرک اچکزئی سوفٹ ویئر نمائش کے موقع پر وفاقی وزیر آئی ٹی سے بات چیت کر رہے ہیں

---


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**


Daily: MASHRIQ QU...

Bullet No.________ DATE: 0 2 JUN 2023 Page No: ________



کوئٹہ، ایم ڈی سوئی سدرن گیس عمران منیار چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی و دیگر بات چیت کر رہے ہیں

92 نیوز کوئٹہ



چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی انڈوومنٹ فنڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں